

www.novelsclubb.com
What is novel genre & description, where to write novel, how to send it??
A Complete Guide For Beginners
ناولز کلب
از قلم لائبہ سیّد
:novelsclubb
:read with laiba
03257121842

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں، مگر آپ کے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے۔۔ تو ہم سے رابطہ کریں۔

ہماری ٹیم آپ کو قدم قدم پر رہنمائی فراہم کرے گی اور آپ کی لکھی ہوئی تحریر دنیا تک لائے گی۔

آپ اپنا لکھا ہوا ناول، افسانہ، شاعری، ناولٹ، کالم یا آرٹیکل پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو اپنا مسودہ ہمیں ورڈ فائل یا ٹیکسٹ فارم میں میل کریں

novelsclubb@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک، انسٹا پیج اور واٹس ایپ کے ذریعے بھی ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

FB PAGE:

NOVELSCLUBB

INSTA:

NOVELSCLUBB

WHATSAPP:

03257121842

# A Complete Writing Guide For Beginners

By

Laiba Syed

www.novelsclubb.com

السلام و علیکم!

ناولز کلب پر کام کرتے مجھے ایک سال سے زیادہ کا وقت ہو چکا ہے۔۔جب میں نے لکھنے کا آغاز کیا تھا تو مجھے بھی کچھ نہیں معلوم تھا، بس ذہن میں ایک کہانی تھی جس کو میں لکھ رہی تھی،اور چند فیس بک کے گروپس میں پوسٹ کر رہی تھی، پھر میں نے گروپس میں پوسٹ کرنا چھوڑ دیا کیونکہ مجھے وہاں کا ماحول کچھ خاص پسند نہیں آیا۔۔انسٹا گرام پر کچھ ویب سائٹس سے ناول کے سلسلے میں رابطہ کیا تو سب نے مجھ سے چند چیزیں مانگیں۔۔

Novel genre:

Novel description:

اور مجھے ان دونوں چیزوں کے بارے میں کچھ نہیں پتہ تھا۔۔ویب سائٹ سے میسج موصول ہونے کے بعد میں نے فوراً گوگل کی مدد لی لیکن کچھ خاطر خواہ نتیجہ نہ نکلا۔۔مگر پھر آہستہ آہستہ میں سیکھ گئی۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ناولز کلب پر بہت سے لکھاری ایسے آتے ہیں جو پہلی دفعہ لکھ رہے ہوتے ہیں اور وہ بھی میری طرح ان چیزوں سے نابلد ہوتے ہیں۔۔ان سے بات کرتے ہوئے مجھے اپنے وہی دن یاد آجاتے ہیں، سوان سب کو مدِ نظر رکھتے میں آج وہ تمام تفصیلات لکھنے جارہی ہوں جو آپ کو لکھنے میں مدد کریں گی۔۔

(یاد رہے یہ وہ تفصیلات ہیں جو آپ کو ناول بھیجنے اور اس کا نام، یونرا اور ڈسکرپشن لکھنے میں مدد دیں گی، اگر آپ ناول لکھنے کے لئے مدد چاہتے ہیں تو ہماری ویب سائٹ پر رائٹنگ ٹپس کے نام سے ایک پی ڈی ایف موجود ہے، آپ اس سے مدد لے سکتے ہیں۔)

ناولز کلب پر میں لکھاریوں سے مندرجہ ذیل تفصیلات طلب کرتی ہوں

Fill this and send us with ur Ms word file on our

Gmail: novelsclubb@gmail.com

Novel name:

Writer name:

Status:

Genre:

Description ( in Urdu):

Promotion scenes(koshish krye k koi attractive scene ho):

Your Instagram handle with exact spelling:

ہم ان سب پر باری باری بات کریں گے۔

## ناول کا نام:

یاد رہے ناول کا نام ہمیشہ ایسا رکھیں جو آپ کی کہانی کا عکس ہو۔۔ گانوں کے نام پر رکھے گئے ناول کے نام مجھے ذاتی طور پر بہت کرنج لگتے ہیں۔۔ کوشش کریں کہ ناول کا نام سہل اور دلچسپ ہو، جو کہ آپ کی کہانی کی بھی عکاسی کرتا ہو۔

www.novelsclubb.com

# لکھاری کا نام:

اگر آپ اپنے حقیقی نام کی بجائے ایک قلمی نام رکھنا چاہتے ہیں تو بھی "گمنام لڑکی" جیسے نام رکھنے سے اجتناب کریں، میرا خود کا نام قلمی ہے، جب کہ میرا حقیقی نام شاید ہی کوئی جانتا ہو۔

# سٹیٹس:

یاد رہے یہ واٹس ایپ کا سٹیٹس نہیں ہے، اس سٹیٹس کا مطلب درجہ ہے، یعنی کے آیا آپ کا ناول قسط وار ہے یا مکمل۔

www.novelsclubb.com

# Genre:

اب ہم بات کریں گے سب سے زیادہ اہم ٹاپک پر۔۔ سب سے پہلے ہمیں جاننا ہے کہ جینز/یونرا کیا ہوتا ہے۔

اس کے لفظی معنی طرز یا سٹائل کے ہیں، اگر ہم ناول میں اس کے معنی دیکھیں تو اس سے مراد کہانی کا سٹائل / صنف ہے۔ ناول کی صنف قارئین کو ناول کے بارے میں جاننے میں مدد دیتی ہے۔ لکھاریوں کی آسانی کے لئے میں کچھ مقبول اصناف بیان کر دیتی ہوں۔

# Suspense:

عام طور پر ایک مرکزی کردار (اکثر جاسوس) کسی جرم کو حل کرتا ہے یا کسی پہیلی کو کھوجتا ہوتا ہے۔ جیسے کہ مشہور ناول جنت کے پتے میں سسپنس تھا۔

# Science Fiction:

مستقبل یا قیاس آرائی پر مبنی دنیا میں سیٹ کی گئی کہانی جو اکثر جدید ٹیکنالوجی، خلائی تحقیق، یا سائنسی تصورات کو نمایاں کرتی ہے۔

www.novelsclubb.com

# Fantasy:

اکثر جادوئی عناصر، افسانوی مخلوقات، اور ان کی تلاشوں کے ساتھ خیالی دنیا میں سیٹ کیا جاتا ہے۔

# Romance:

یہ اب تک کا سب سے زیادہ لکھا اور پسند کیا جانے والا یونرا ہے۔ لیکن خیال رہے کہ رومانس لکھنے کا مطلب کسی ہالی ووڈ کی فلم کا اردو ترجمہ کرنا نہیں بلکہ اس خوبصورت احساس کو اپنے لفظوں کے جادو کے ساتھ مزید خوبصورت بنانا ہے۔۔

NC www.novelsclubb.com

# Historical Fiction:

ایک مخصوص تاریخی دور میں لکھی گئی کہانی، جو اس دور کی تاریخ کے بارے میں بتاتی ہے۔

# Thriller:

تناؤ اور سسپنس کے اعلیٰ درجے کو نمایاں کرتا ہے، جس میں اکثر خطرہ اور پلاٹ ٹوسٹز شامل ہوتے ہیں۔

# Horror:

خوف یا سسپنس سے بھرپور کہانی، جس میں اکثر مافوق الفطرت عناصر، راکشس، یا نفسیاتی دہشت شامل ہوتی ہے۔

# Literary Fiction:

اس یونرا کے ناول میں عموماً کردار کی نشوونما، نثر کے انداز، اور موضوعاتی گہرائی پر زور دیا جاتا ہے۔

# Islamic:

اگر آپ اپنی کہانی کے زریعے اسلامی تعلیمات دے رہے ہیں، تو آپ کے ناول کی صنف اسلامی ہے۔

# Cousin Marriage/Rom-Com:

اگر آپ کزنز کی نوک جھونک پر کوئی کہانی لکھ رہے ہیں تو وہ اس صنف میں آئے گی۔

www.novelsclubb.com

# Social Issue:

اگرآپ کی کہانی معاشرے کی کسی بھی قسم کی برائی کے بارے میں ہے، توآپ کی کہانی سوشل ایشو کی صنف میں آئے گی۔اس صنف میں کوئی بھی معاشرتی مسلہ آسکتا ہے۔

# Time travel:

اگرآپ اپنی کہانی میں فینٹسی اور ٹائم ٹریول کاذکر ہے، جیسے کہ حالم میں تھا۔حالم فینٹسی اور ٹائم ٹریول کی کیٹیگری میں آتا ہے۔

ان کے علاوہ آپ اپنی کہانی کے مطابق بھی صنف رکھ سکتے ہیں۔

www.novelsclubb.com

# Description ( in Urdu):

ناول کی ڈسکرپشن کو ناول کا خلاصہ بھی کہا جاتا ہے۔

ناول کی تفصیل ناول کے مواد، موضوعات اور پلاٹ کا ایک مختصر خلاصہ یا جائزہ ہے۔ یہ قارئین کے لیے پیش نظارہ یا ٹیزر کے طور پر کام کرتا ہے، انہیں کتاب کے بارے میں سمجھنے اور فیصلہ کرنے کے لیے کافی معلومات فراہم کرتی ہے کہ آیا وہ اسے پڑھنا چاہتے ہیں۔ ایک اچھی ناول کی تفصیل میں عام طور پر شامل ہیں:

# Plot Summary:

پلاٹ کا خلاصہ: مرکزی تصادم اور بیانیہ کو آگے بڑھانے والے اہم واقعات سمیت مرکزی کہانی کی ایک جامع وضاحت۔

# Character Introduction:

کرداروں کا تعارف: مرکزی کرداروں کی مختصر تفصیل، کہانی میں ان کے کردار کو نمایاں کرنا اور ان کی شخصیت یا محرکات کے بارے میں تھوڑا سا بتانا۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

# Themes and Tones:

موضوعات اور لہجہ: ناول میں دریافت کیے گئے اہم موضوعات یا پیغامات کے ساتھ ساتھ مجموعی لہجے کا تذکرہ (مثلاً، سسپنس، مزاحیہ، پُرجوش)۔

# Setting:

سیٹنگ: اس وقت اور مقام کا تذکرہ جہاں کہانی ہوتی ہے، خاص طور پر اگر یہ کہانی کے سیاق و سباق کو سمجھنے کے لیے اہم ہو۔

# Genre and Style:

نوع اور انداز: ناول جس صنف یا انواع میں آتا ہے اس کی شناخت، اس کے ساتھ منفرد اسٹائلسٹک عناصر جو اسے دوسرے ناولز الگ کرتے ہیں۔

# Hook or Unique Point:

ہک یا منفرد پوائنٹ: ناول کا ایک زبردست پہلو جو اسے اپنی صنف میں دوسروں سے الگ کرتا ہے یا قاری کی توجہ اپنی طرف کھینچتا ہے۔



www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ناول کی تفصیل کا مقصد قارئین کو آمادہ کرنا اور انہیں اس بات کا احساس دلانا ہے کہ وہ بہت زیادہ وقت پلاٹ کو دیئے بغیر یا سسپینس کو خراب کیے بغیر کتاب سے کیا توقع کر سکتے ہیں۔ یہ اکثر کتابوں کے سرورق پر، پروموشنل مواد میں، اور ایسی ویب سائٹس پر استعمال ہوتا ہے جہاں کتابیں بیچی جاتی ہیں تاکہ ممکنہ قارئین کو ان کے پڑھنے کے انتخاب کے بارے میں باخبر فیصلے کرنے میں مدد ملے۔

## Promotion scenes(koshish krye k koi attractive scene ho):

پروموشن سینز سے مراد وہ مواد ہے جس کی آپ پوسٹ یا ویڈیو بنوانا چاہتے ہیں، کوشش کریں کہ آپ وہ سینز بھیجیں جن میں زیادہ ڈائلاگز ہوں اور ان میں سسپنس ہو تاکہ قاری مکمل ناول پڑھنے پر مجبور ہو جائے۔

## Your Instagram handle with exact spelling:

کوشش کریں کہ اپنا انسٹاگرام اکاؤنٹ اپنے نام پر بنائیں اور اس کے یوزر نیم میں سیدھے سادے سپیلنگ رکھیں۔



www.novelsclubb.com

Laiba._.syed578, laibasyed00,_00laiba_syed_7864

جیسے یوزر نیم سے اجتناب کریں۔

اس سب کے بعد بات آتی ہے کہ ناول لکھا کہاں جائے اور بھیجا کیسے جائے۔۔میں ذاتی طور پر اگر موبائل میں لکھنا ہو تو

google keep notes

کے نام سے ایک ایپ ہے اس کو استعمال کرتی ہوں،اس کا فائدہ یہ ہے کہ اس میں آپ کا ڈیٹا بیک اپ ہو جاتا ہے،تو اس کے ڈیلیٹ ہونے کا خدشہ نہیں رہتا۔۔یہ ایپ موبائل میں لکھنے کے لیے بہت فائدے مند ہے لیکن اگر آپ لیپ ٹاپ میں لکھ رہے ہیں تو آپ ایم ایس ورڈ

www.novelsclubb.com

MS word

کا استعمال کریں،اس میں لکھنے کا مزہ تب آئے گا جب آپ اس میں اردو فونٹس ایڈ کریں گے۔۔ گوگل سے اپنا پسندیدہ اردو فونٹ ڈاؤن لوڈ کریں اور اسے ایم ایس ورڈ میں ایڈ کر دیں۔۔

# ناول بھیجا کیسے جائے؟؟

اب بھیجنے کے دو طریقے ہیں، پہلا آپ ای میل کریں، دوسرا آپ واٹس ایپ پر بھیج دیں۔۔ مجھے ذاتی طور پر ای میل استعمال کرنا برا لگتا ہے کیونکہ مجھے اس کو استعمال کرنا نہیں آتا۔۔ سو میں واٹس ایپ کو ترجیح دیتی ہوں۔

اگر آپ نے گوگل کیپ نوٹس میں قسط لکھی ہے تو اس کو کاپی کر کے ایسے ہی ای میل کی باڈی میں پیسٹ کر دیں یا واٹس ایپ کر دیں۔

اور اگر آپ نے ورڈ میں قسط لکھی ہے تو اس کا ایک ورڈ ڈاکیومنٹ بنائیں، ڈاکومنٹ کا ٹائٹل ناول کا نام اور قسط نمبر رکھیں اور ای میل کر دیں یا واٹس ایپ کر دیں۔۔

www.novelsclubb.com

اگر آپ کا ناول مکمل ہے تو میں مشورہ دوں گی کہ اس کو پارٹس میں کاپی کر کے بھیجنے کی بجائے ایک مکمل ڈاکومنٹ بنائیں اور پھر بھیجیں۔۔

یاد رہے قسط وار ناول کی صورت میں ناول کا نام، اور قسط نمبر لازمی بتایا کریں تاکہ آسانی رہے۔۔

مجھے امید ہے کہ ان تفصیلات سے آپ سب کو رہنمائی ملی ہو گی۔۔مزید تفصیلات کے لئے آپ ہمارے انسٹا گرام ہینڈل کو فالو کر سکتے ہیں۔۔

اپنی قیمتی آرا سے آگاہ لازمی کریئے گا۔۔

شکریہ

www.novelsclubb.com



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB